http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 22 | 03 رمضان المبارک 1446ھ | منگل 04 مارچ 2025ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 346

پنجاب بختونخوا سرحد پر خوارجی دہشت گردوں کی 2 کارروائیاں ناکام

حملہ آور فرار پر مجبور

خوارجی دہشت گردوں نے راکٹ لانچرز، ہینڈ گرینیڈ اور دیگر بھاری اسلحہ کا استعمال کیا جبکہ پولیس نے مشین اور مارٹر گنز سے فائرنگ کر کے فوری جوابی کارروائی کی، پولیس حکام

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان نے خوارجی دہشت گردوں کے مختلف مقامات پر حملے ناکام بنا دیے، جس پر حملہ آور دہشت گرد پسپا ہو کر فرار پر مجبور ہو گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق سرحدی علاقے مڑھاں میں خوارجی دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سرچ آپریشن کیا گیا۔ اس دوران پنجاب پولیس ڈی پی او ڈی خان سی پی او ڈی اور رینجرز کا پنجاب و خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقے مڑھاں میں دہشت گردوں کا راکٹ لانچر، ہینڈ گرینیڈ اور دیگر بھاری اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ ان کا استعمال کیا جبکہ پولیس نے مشین اور مارٹر گنز سے فائرنگ کر کے فوری جوابی کارروائی کی، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے ساتھ شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ خوارجی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

26 نومبر کو 3 رینجرز اہلکاروں کی موت

کیس میں ملزم کی ضمانت منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر کو 3 رینجرز اہلکاروں کی موت کیس میں ملزم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

18 ارب مالیت کے محکمہ صحت کے 43 ترقیاتی منصوبے مکمل کرنے کی منظوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ صحت سندھ نے رواں مالی سال کے دوران 43 ترقیاتی منصوبے مکمل کرنے کی منظوری دے دی۔ محکمہ صحت سندھ نے رپورٹ تیار کر کے وزیر اعلیٰ سندھ اور چیف سیکریٹری سندھ کو رپورٹ پیش کر دی۔ محکمہ صحت سندھ کی رپورٹ کے مطابق کراچی میں 15۔ نوشہرو فیروز میں 7۔ دادو اور لاڑکانہ کے تین تین اور میر پور خاص میں 2 منصوبے مکمل ہوں گے۔۔ تھرکوٹ، قمبر شہدادکوٹ، بدین، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث دہشتگرد افغانستان کی ملٹری اکیڈمی کا بٹالین کمانڈر نکلا

پاکستان میں افغانستان سے دراندازی جاری

ایک اور افغان دہشت گرد کی شناخت ہوگئی

28 فروری 2025 کو سیکورٹی فورسز کی جانب سے غلام خان کلے میں 14 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا، ان ہلاک دہشتگردوں میں افغان دہشتگرد بھی شامل تھے، ہلاک افغان دہشتگرد کی شناخت مجیب الرحمان عرف منصور ولد مرزا خان کے نام سے ہوئی، دہشتگرد مجیب الرحمان دنداگلاں، ضلع چک، صوبہ میدان ورک، افغانستان کا رہائشی تھا، سیکورٹی ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں افغانستان سے دراندازی کا سلسلہ تواتر سے جاری ہے، اس حوالے سے ایک اور افغان دہشتگرد کی شناخت سامنے آ گئی ہے۔ پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں افغان دہشتگردوں کے ملوث ہونے میں تدریج اضافہ جاری ہے، پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث ایک اور ہلاک افغان دہشتگرد کی شناخت متعارف ہو آئی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق 28 فروری 2025 کو سیکورٹی فورسز کی جانب سے غلام خان کلے میں 14 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا، ان ہلاک دہشتگردوں میں افغان دہشتگرد بھی شامل تھے۔ ہلاک افغان دہشتگرد کی شناخت مجیب الرحمان عرف منصور ولد مرزا خان کے نام سے ہوئی، دہشتگرد مجیب الرحمان دنداگلاں، ضلع چک، صوبہ میدان ورک، افغانستان کا رہائشی تھا۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ دہشتگرد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)



کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے وزراء اعلیٰ سندھ اور بلوچستان سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

قلات میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر خودکش حملہ

ایف سی اہلکار شہید

سیکورٹی فورسز کے قافلے میں حملے کے نتیجے میں ایف سی کے چار اہلکار بھی زخمی ہیں، خودکش حملے میں نائیک عطاءاللہ شہید ہو گئے، زخمیوں میں سپاہی وکیل، زاہد، عباس اور مشتاق شامل ہیں، سیکورٹی فورسز کا قافلہ مدوے کے قریب سے گزر رہا تھا جب دھماکا ہوا، دھماکا خاتون خودکش حملہ آور نے کیا، ذرائع

قلات (بیورو رپورٹ) قلات میں سیکورٹی فورسز کے قافلے میں حملے کے نتیجے میں ایف سی کے چار اہلکار زخمی ہوئے۔ حملے میں ایف سی کا ایک اہلکار شہید ہو گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق قلات میں سیکورٹی فورسز کے قافلے میں حملے کے نتیجے میں ایف سی کے چار اہلکار زخمی ہیں۔ خودکش حملے میں نائیک عطاءاللہ شہید ہو گئے۔ زخمیوں میں سپاہی وکیل، زاہد، عباس اور مشتاق شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کا قافلہ مدوے کے قریب سے گزر رہا تھا جب دھماکا ہوا۔ ڈی سی قلات ڈی آئی خان (ایسٹرنگ ڈیسک) کرم علی راستوں کی بندش اور بدامنی کے خلاف کرم پریس کلب کے سامنے احتجاجی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

پاراچنار میں راستوں کی بندش کے خلاف دھرنا

دوسرے روز میں داخل

وزیر اعظم شہباز شریف بلاول بھٹو کی طے شدہ اہم ملاقات مؤخر

چیئرمین پیپلز پارٹی کو دونوں وزرائے اعلیٰ نے اپنے اپنے صوبوں کی حکومتی کارکردگی اور انتظامی مسائل سے آگاہ کیا، سندھ اور بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جائیں، وزرائے اعلیٰ کو ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کی طے شدہ اہم ملاقات منسوخ ہو گئی۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی اسلام آباد آمد کے بعد نیا شیڈول طے کیا جائے گا، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کل اسلام آباد (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 7)

پاکستان آئی ایم ایف کی بڑی شرائط مکمل کرنے میں ناکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا وفد اگلی قسط کے اجرا کے سلسلے میں مذاکرات کے لیے پاکستان پہنچ گیا ہے جب کہ پاکستان آئی ایم ایف کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

حب، بھوانی میں لاپتہ افراد کے لواحقین کا دھرنا ختم، صوبائی وزیر علی حسن زہری کی کامیاب مذاکرات

حب (بیورو رپورٹ) حب کے علاقے بھوانی میں لاپتہ افراد کے لواحقین کے دھرنے میں صوبائی وزیر میر علی حسن زہری پہنچ گئے۔ صوبائی وزیر نے ڈپٹی کمشنر حب اور دیگر حکام کے ہمراہ دھرنا گاہ میں لاپتہ افراد کے لواحقین سے مذاکرات کیے۔ مذاکرات میں پیش رفت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

نیٹو کی رکنیت کے بدلے مستعفی ہونے کے لیے تیار ہوں، ولادیمیر زیلنسکی

کیف (ایسٹرنگ ڈیسک) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ وہ اپنے ملک کے لئے نیٹو کی رکنیت کے بدلے مستعفی ہونے کو تیار ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق اتوار کو ایک پریس کانفرنس میں جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا وہ یوکرین کے لیے امن کی خاطر کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

اسلام آباد: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ ملاقات کر رہی ہیں

گوادر میں عالمی معیار کا ہوائی اڈہ

پاکستان میں سب سے بڑا ایئرپورٹ خطے میں تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کا باعث بن کر عوام کو کئی فوائد بھی دے گا

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ (این جی آئی اے) نے پیر بہ تاریخ 20 جنوری کو اپنی پہلی مسافر پرواز کی کامیاب لینڈنگ کے بعد کمرشل آپریشنز کا آغاز کر دیا۔ یہ قدیے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ ہے جو 4,300 ایکڑ (17 کلومیٹر) اراضی پر محیط ہے اور اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے بعد پاکستان کا دوسرا گرین فیلڈ ہوائی اڈہ ہے۔ یہ صوبہ بلوچستان کے جنوب مغربی کنارے عرب کے ساحل پر گوادر کے پرانے ہوائی اڈے کے شمال مشرق میں 26 کلومیٹر (16 میل) دور گورنداني کے مقام پر واقع ہے۔ اس پر 246 ملین ڈالر کی لاگت آئی ہے۔ اس کے لئے بنیادی طور پر چین نے بطور گرانٹ فنڈ فراہم کیا اور اس کا باقاعدہ افتتاح 14 اکتوبر 2024 کو وزیر اعظم شہباز شریف اور چین کے وزیر اعظم لی کیانگ نے کیا تھا۔ 3,658 میٹر (12,001 فٹ) لمبائی اور 45 میٹر (148 فٹ) چوڑائی پر پھیلے ہوئے رن وے کے ساتھ این جی آئی اے ایئربس A380 اور بوئنگ 747 کو ایڈجسٹ کرنے کے قابل ہے۔ یہ خطے میں عالمی رابطوں کے بنیادی ڈھانچے میں ایک اہم سنگ میل ہے۔

افتتاحی تقریب کی قیادت وزیر دفاع اور ہوابازی خواجہ محمد آصف نے کی، ان کے ہمراہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ سرفراز احمد بگٹی بھی موجود تھے۔ وزیر دفاع نے اپنی تقریر میں علاقائی اقتصادی ترقی اور بین الاقوامی تجارتی رابطوں کو بڑھانے میں این جی آئی اے کے اہم کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تقریب کے دوران کہا "یہ افتتاح صرف ایک نئے ہوائی اڈے سے زیادہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ گوادر کے مستقبل کے لیے عالمی تجارتی مرکز کے طور پر ایک گیٹ وے ہے۔" نئے ہوائی اڈے کے افتتاح سے گوادر کی رسائی میں نمایاں اضافہ ہوگا اور ایک بڑے تجارتی مرکز کے طور پر اس کی ترقی میں مدد ملے گی توقع ہے۔ کراچی اور گوادر کے درمیان اب آنے والے مہینوں میں وسیع روٹس کے منصوبوں کے ساتھ باقاعدہ پروازیں چلیں گی۔ اس منصوبے کو حکومت پاکستان، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، سلطنت عمان اور حکومت چین نے مشترکہ طور پر فنڈز فراہم کیے تھے۔ این جی آئی اے کی تکمیل پاکستان اور چین کے درمیان پائیدار دوستی کے ساتھ ساتھ خطے میں اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ان کے مشترکہ عزم کا ثبوت ہے۔

سالانہ 400,000 مسافروں کی گنجائش کے ساتھ این جی آئی اے ملکی اور بین الاقوامی دونوں مسافروں کی گنجائش پوری کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس میں جدید ترین ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم، جدید بنوی کیشنل ایڈز، جدید حفاظتی خصوصیات اور عالمی معیار کی مسافروں کے لیے سہولیات بھی موجود ہیں جو سب کے لیے بغیر کسی رکاوٹ آرام دہ تجربے کو یقینی بناتی ہیں۔ اس منصوبے پر تعمیر کا آغاز نومبر 2019 میں اس کا سنگ بنیاد رکھنے کے ساتھ ہوا، اور یہ دسمبر 2024 میں مکمل ہوا۔ اب آپریشنل ہونے کے بعد این جی آئی اے پروازوں کی سہولت فراہم کرنے اور گوادر کو ایک علاقائی اقتصادی مرکز میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ توقع ہے کہ ہوائی اڈے سے تجارت، سیاحت اور سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ جو علاقائی انضمام بڑھانے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے سی پی ای سی کے وسیع تر وژن کے مطابق ہے۔

وزیر اعظم شہباز شریف سحر و افطار میں گیس لوڈشیڈنگ کی شکایات کا نوٹس

عوام کو اشیا کی ارزاں نرخوں پر فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اشیا کی قیمتیں کنٹرول کرنے کے حوالے سے کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، حکومتی اقدامات سے چینی کی اسمگلنگ کے خاتمے میں مدد ملی، صوبائی حکومتیں عام آدمی کو سستی اشیا کی فراہمی یقینی بنائیں، شہباز شریف کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے ماہ رمضان کے دوران کم آمدنی افطار کی تیاری کے لیے گھریلو صارفین کو گیس کی فراہمی کے دوران پیش آنے والی شکایات کا فوری نوٹس لے لیا۔ وزیر اعظم نے ان شکایات کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جانے کے لیے ٹیلی فون اور کنٹرول روم کے ذریعے گیس پریشر کی باقاعدہ نگرانی کے لیے فوری اقدامات کیے۔ ان مینٹیننس کے تناظر میں سوئی سدرن گیس کمپنی مندرجہ ذیل فوری اقدامات کر رہی ہے، ایس ایم ایس پر سرچ پیغیس پر پیشر ہو سطا دس فیصد اضافہ کیا جائے گا جس کے نتیجے میں گیس کے بہاؤ میں بہتری آ سکے گی۔ گیس ڈسٹریبیوشن مراکز کے آخری سروں پر واقع علاقوں اور ان علاقوں میں جن میں گیس کا کنکشن کا نیٹ ورک موجود ہے ان کو سحری اور افطار کے مقررہ وقت سے 30-45 منٹ پہلے کھول (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

عمرے کی غرض سے سعودی عرب جانیوالے مسافروں سے کینیڈا کے جعلی ویزے برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عمرے کی غرض سے سعودی عرب جانے والے مسافروں سے کینیڈا کے جعلی ویزے برآمد کر لیے گئے۔۔ رپورٹ کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے عمرے کی غرض سے سعودی عرب جانے والے 4 مسافر آف لوڈ کیے، مسافروں سے کینیڈا کے جعلی ویزے برآمد کر لئے گئے۔ ترجمان ایف آئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

سندھ ٹیکسٹ بورڈ نے 30 کروڑ روپے جمع نہیں کرائے، ڈی جی آڈٹ کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی چالیس سے 30 کروڑ روپے ٹیکل ریزرو آفس میں جمع نہ کروانے پر ڈائریکٹر جنرل آڈٹ نے سیکریٹری اسکول ایجوکیشن کو خط لکھ دیا، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ سندھ نے خط میں لکھا کہ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کا انتظامی کنٹرول (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

مصطفیٰ عامر قتل کیس، اداکار ساجد حسن کا بیٹے سے زبردستی بیان دلوانے کا الزام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے معروف اداکار ساجد حسن نے مصطفیٰ عامر قتل کیس میں پولیس کے رویے پر شدید تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ ان کے بیٹے ساحر حسن کو زدوکوب کر کے اپنی مرضی کا بیان دلوانے کی کوشش کی گئی ہے۔ سینئر اداکار نے اس معاملے کو ایک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

کراچی پولیس کی گزشتہ ہفتے میں کارروائیاں 743 سے زائد ملزمان گرفتار

کراچی (رپورٹ عامر ساہر) کراچی پولیس نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران شہر بھر میں مختلف کارروائیوں کے دوران 743 سے زائد ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

تحریک انصاف کے اپوزیشن الائنس میں داخلی اختلافات، پارٹی خود تقسیم کا شکار

پمز اسپتال کی چار رکنی ٹیم کا ڈیانہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ

علی امین گنڈاپور سے پیر پگارا سمیت سندھ کی دیگر جماعتوں سے ملاقاتوں کا منصوبہ بنایا تھا، تاہم آخری وقت میں پلان میں تبدیلی کی وجہ سے علی امین تاحال کسی بھی ملاقات کا حصہ نہیں بن سکے، ان داخلی اختلافات کے باعث اپوزیشن الائنس کی پوزیشن کمزور ہو رہی ہے، اور اس معاملے پر پارٹی قیادت کو سخت فیصلے لینے پڑ سکتے ہیں، پارٹی ذرائع

آئی عمران خان کے کمی حالے کے معالے پر | ہیتال کے ڈاکٹروں کی جار رکنی ٹیم اڈیالہ جیل پہنچی۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں بابی پی نی کورنگی میں پولیس مقابلہ، ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے کورنگی زمان ٹاؤن میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی، ڈاکوؤں نے دکاندار کو سینے پر گولیاں مار کر قتل کر دیا

مقتول کی شناخت 55 سالہ خان محمد کے نام سے ہوئی ہے، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ڈکیتی میں | مزاحمت پر مسلح افراد نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

تاخیر کی شکار تھائی ایئر کی پرواز بینکاک کے لیے کراچی پہنچ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تاخیر کی شکار تھائی ایئر کی پرواز کراچی ایئرپورٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

کراچی: ڈمپر جادثے میں جاں بحق پرویز کے لواحقین احتجاج کر رہے ہیں، مبر سندھ اسمبلی معاذ محبوب بھی موجود ہیں

''تم سب بکے ہوئے ہو''، خاتون کی پولیس اہلکاروں سے تلخ کلامی

خاتون کے رویے اور پولیس کو دھمکیاں دینے کے معاملے کا جائزہ لیا جا رہا ہے، حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ڈیفنس میں ایک خاتون کی جانب سے پولیس اہلکاروں سے | تلخ کلامی اور دھمکیاں دینے کی ویڈیو وائرل ہوئی ہے۔ واقعہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

ننھے مقتول صارم کے والدین کا پولیس کیخلاف احتجاج

ڈی آئی جی ویسٹ آفس کے باہر اہلکاروں نے مدد نہ کی، والد صارم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دو ماہ سے زائد عرصہ گزر جانے کے بعد بھی پولیس زیادتی کے بعد قتل کیے

حب: صوبائی وزیر علی حسن زہری بھوانی میں لاپتہ افراد کے لواحقین سے مذاکرات کر رہے ہیں

جانے والے ننھے صارم کے قاتل کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے، مقتول صارم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

محمود آباد چھ نمبر میں دن دہاڑے ڈکیتوں نے کباڑ خانہ لوٹ لیا

چار گلہ تا نبیہ دو موبائل فون لوٹ کر لے گئے ملزمان شکل سے نشئی لگ رہے تھے، مالک کباڑ خانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمود آباد چھ نمبر میں دن دہاڑے ڈکیتوں نے کباڑ خانہ لوٹ لیا ملزمان کباڑ سے تانبہ بھی لوٹ کر لے گئے نقصانات کے مطابق | بلوچ کالونی کے علاقے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

مصنوعی مہنگائی پر قابو پایا جائے، وزیر اعلیٰ سندھ کی ہدایت

وزیر اعلیٰ نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کی سخت نگرانی، مارکیٹوں کے دورے کرنے، سرکاری نرخوں کی فہرستوں کی بروقت اشاعت و تقسیم، اور بڑے اسٹورز کو مناسب قیمتیں برقرار رکھنے کا پابند بنانے کا حکم دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت رمضان المبارک میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کی سخت نگرانی اور مارکیٹوں کے دورے کرنے، سرکاری نرخوں کی فہرستوں کی بروقت اشاعت و تقسیم، اور بڑے اسٹورز کو مناسب قیمتیں برقرار رکھنے کا پابند بنانے کا حکم دیا کمیٹی، عاصر شاہ، ضیاء الحسن لنجار، وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خاص عثمان غنی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی؛ موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے اسکول کے بچوں کو لوٹ لیا

ملزمان کو ڈھونڈ رہے ہیں، متاثرہ اسکول کے بچوں نے پولیس سے رابطہ نہیں کیا، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ ٹاؤن بلی گھٹے میں موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے اسکول کے بچوں کو لوٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق صبح سیزنی کنکلاتے بلدیہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

بوٹ بیسن واقعے میں ملزم شاہ زین اور متاثرہ شخص کے درمیان صلح ہوگئی

شاہ زین مری کے خلاف مدعی مقدمہ برکت سومرو نے راضی نامہ کرلیا اور اس حوالے سے پولیس کو بھی آگاہ کردیا ہے، پولیس نے تصدیق بھی کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے کلفٹن بوٹ بیسن کے قریب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

شہر قائد میں اگلے 3 روز کے دوران موسم معتدل رہنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں گزشتہ پورے روز سے رات میں سنگی بڑھنے سے ٹھنڈ میں اضافہ ہوگیا ہے جب کہ اگلے 3 دن کے حوالے سے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی بھی سامنے آ گئی۔ محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر کی پیش گوئی کے بعد شہر قائد میں اگلے 3 روز کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں اعتکاف کی رجسٹریشن بدھ 5 مارچ سے شروع کرنے کا اعلان

مدینہ منورہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مسجد الحرام اور مسجد نبوی کی دیکھ بھال کے لیے قائم جنرل اتھارٹی نے رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کے لیے رجسٹریشن کا آغاز بدھ 5 مارچ سے شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ مسجد الحرام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

کراچی پریس کلب کا آزادی کنونشن، شرکا نے پیکا قوانین کو مسترد کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پریس کلب کے زیر اہتمام منعقدہ آزادی کنونشن کے شرکا نے متفقہ طور پر پیکا قانون کو مسترد کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ آزادی اظہار پر لگنے والی پابندی اور پیکا قانون کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

رمضان میں پانی، بجلی، گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے، آفاق احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہاجر قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر فاروق ستار کی رہائش گاہ پر منعقدہ پریس کانفرنس سے گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی ملاقات کیلئے آنے والے وفد کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے

کراچی: چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ آفاق احمد کو ملاقات کیلئے آنے والے وفد کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہاجر قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر فاروق ستار کی رہائش گاہ پر منعقدہ پریس کانفرنس سے گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی ملاقات کیلئے آنے والے وفد کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی سربراہی میں مختلف تاجر تنظیموں کے وفد کی آمد متبوں نے آفاق احمد کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

بھارتی دہشت گرد کلبھوشن یادیو کی گرفتاری کو 9 سال مکمل

کراچی (رپورٹ بادن انصاری) بھارتی دہشت گرد کلبھوشن یادیو کی، رنگے ہاتھوں گرفتاری کو 9 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ بھارت طویل عرصے سے دوسرے ممالک میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

مصنوعی قلت پس پردہ ملزم ارمغان سے ملنے والے اسلحہ کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ

ملزم ارمغان کے گھر سے چھاپے کے دوران امریکی ساخت اسنائپر گن برآمد ہوا تھا جبکہ ملزم سے ایم پی گن اور اسرائیلی ساخت رائفل بھی ملا تھا، تاہم ملزم سے اسنائپر، ایم پی گن، رائفل اور نائن ایم ایم کی 2700 سے زائد گولیاں بھی برآمد ہوئیں

کراچی (رپورٹ بادن انصاری) مصنوعی عام مرگ کیس میں گرفتار ملزم ارمغان کے قبضے سے ملنے والے اسلحہ کی تحقیقات سی ٹی ڈی کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق ملزم ارمغان کے پاس محموما کھرے پہنچا؟ سی ٹی ڈی اس بارے میں تحقیقات کرے گی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

پولیس کی بروقت کارروائی، 8 سالہ لاپتہ بچی چند گھنٹوں میں بازیاب

اہل خانہ نے افطار کے بعد رضویہ سوسائٹی پولیس کو بچی کی گمشدگی کی اطلاع دی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے رضویہ سوسائٹی کی حدود سے لاپتہ ہونے والی 8 سالہ بچی کو پولیس نے چند گھنٹوں میں بازیاب کرلیا، طاہرہ افطار کے بعد گھر سے لاپتہ ہو گئی تھی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کسٹمز اہلکاروں کی ایکسائز کے اہلکاروں پر چڑھائی، زبردستی گاڑی اور افسر کو چھڑا لے گئے

کسٹم کے کچھ افسران ٹیپر ڈ جیپ سمز نمبر والی گاڑیاں استعمال کر رہے ہیں، محکمہ ایکسائز سندھ موٹر وہیکل ٹیکس نادہندگان کے خلاف بھرپور مہم شروع کر رہا ہے، کیش چاؤلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں سی ٹی پی پر | چیکنگ کے دوران (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

شہر قائد میں اگلے 3 روز کے دوران موسم معتدل رہنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں گزشتہ پورے روز سے رات میں سنگی بڑھنے سے ٹھنڈ میں اضافہ ہوگیا ہے جب کہ اگلے 3 دن کے حوالے سے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی بھی سامنے آ گئی۔ محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر کی پیش گوئی کے بعد شہر قائد میں اگلے 3 روز کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

ایس ایچ او سکرٹ کا پولیس اہلکاروں پر منشیات اور جسم فروشی کے اڈے چلانے کا الزام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ڈیفنس میں ایک خاتون کی جانب سے پولیس اہلکاروں سے | تلخ کلامی اور دھمکیاں دینے کی ویڈیو وائرل ہوئی ہے۔ واقعہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

سکرٹ (اسٹاف رپورٹر) سکرٹ تھانے کے انسپکٹر ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) اصغر اعوان نے پولیس اہلکاروں پر منشیات اور جسم فروشی کے اڈے چلانے کا الزام عائد کر دیا۔ ایس ایچ او سکرٹ اصغر اعوان کی ویڈیو وائرل ہو گئی جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

رمضان کے آغاز پر شہریوں کو ایس ایم ایس کے پیسے نکالنے میں مشکلات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رواں سال رمضان المبارک کے آغاز پر کراچی اور ملک کے دیگر حصوں میں آفو میبل ٹیلر سٹیشن (اے ٹی ایز) میں نقدی ختم ہونے کیوجہ لوگ بڑی تعداد میں خریداری اور کھریدے اخراجات کے لیے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

محمود آباد چھ نمبر میں دن دہاڑے ڈکیتوں نے کباڑ خانہ لوٹ لیا

چار گلہ تا نبیہ دو موبائل فون لوٹ کر لے گئے ملزمان شکل سے نشئی لگ رہے تھے، مالک کباڑ خانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمود آباد چھ نمبر میں دن دہاڑے ڈکیتوں نے کباڑ خانہ لوٹ لیا ملزمان کباڑ سے تانبہ بھی لوٹ کر لے گئے نقصانات کے مطابق | بلوچ کالونی کے علاقے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

دشمن سوشل میڈیا پر فوج کیخلاف پراپیگنڈا کر رہا ہے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ دشمن سوشل میڈیا پر افواج کیخلاف پراپیگنڈا کر رہا ہے، پاکستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں، کراچی ٹرانزٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

فروری میں مہنگائی کی شرح میں کمی

تجارتی خسارے میں اضافہ

فروری 2025 میں مہنگائی 1.52 فیصد کم ہوئی، جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 2.4 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی، جبکہ فروری 2024 میں یہ شرح 23.7 فیصد تھی، رپورٹ

5.85 فیصد رہی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ فروری 2025 میں مہنگائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

شماریات کی رپورٹ کے مطابق، جولائی سے فروری تک سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح جاری کیے ہیں، جن کے مطابق فروری میں مہنگائی کی شرح میں 0.82 فیصد کمی آئی ہے۔ ادارہ کراچی (اسٹاف رپورٹر) ادارہ شماریات نے فروری 2025 کے مہینے کے لیے ماہانہ مہنگائی کے اعداد و شمار

حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے درمیان مذاکرات کامیاب

ہڑتال ممنوع

وزیر پیٹرولیم نے اس حوالے سے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بات چیت کرنے کا عندیہ دیا تاکہ اسٹاکنگ کو روکا جا سکے اور قانونی طریقے سے پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے، پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے بعد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن اور وفاقی حکومت کے درمیان کامیاب مذاکرات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے سینئر رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل کا حل سیاست میں ہے، اور تمام جماعتوں کو اُن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

ملک کو درپیش مسائل کا حل سیاست میں ہے، اور تمام جماعتوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا، فاروق ستار

نوشہرو فیروز: جوڈیشل لاک اپ مورد سے 2 قیدی چھت میں سوراخ کر کے فرار

نوشہرو فیروز (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے ضلع نوشہرو فیروز میں جوڈیشل لاک اپ مورد سے منشیات چوری کے مقدمات میں گرفتار 2 قیدی چھت میں سوراخ کر کے فرار ہو گئے جبکہ سکیورٹی اہلکار کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق نوشہرو فیروز کے جوڈیشل لاک اپ مورد سے 2 قیدی فرار ہو گئے، دو ملزمان چھت میں سوراخ کر کے فرار ہوئے۔ پولیس کی بھاری نفری سب جیل پہنچ گئی۔

حیدر آباد ضلعی انتظامیہ کا آدھی رات کو قیمتوں کی جانچ پڑتال کیلئے آپریشن

حیدر آباد (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی جانچ پڑتال کے لیے آدھی رات کو کارروائی کی۔ ڈپٹی کمشنر حیدر آباد کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر قاسم آباد ٹھنڈا سیال کی قیادت میں ٹیم نے آفاقانی روڈ اور ہاشمورو روڈ کے چوراہے پر واقع سنیئرن کالونی کے باہر اچانک آپریشن کیا جو کھلی سے زیادہ قیمت وصول کرنیوالے دکانداروں پر 20,000 روپے تک کے جرمانے عائد کیے۔

مہنگائی و بے روزگاری کے جن کو بوتل میں بند کیے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں ہے، شاداب رضا نقشبندی

ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی اور میٹکے چھل اشیا کی روک تھام میں رمضان کا مہینہ ختم ہو جائیگا، پوری دنیا میں مذہبی تہواروں اور ایام میں اشیا خورد و نوش سستی کر دی جاتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک | محمد شاداب رضا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ رمضان المبارک کے مہینے میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سپلیمنٹری ٹرائل کورٹ کی ایس ایس پی ملزمان حوالگی کی درخواست مسترد کر سکتی تھی؟ کمانڈنگ افسر کی

جسٹس جمال

کیا پولیس کی تفتیش کم اور ملزمی کی تیز تھی؟ کیا ملزمان کی حوالگی کے وقت مواد موجود تھا؟، جسٹس حسن رضوی

مواد کا ریکارڈ پر ہونا نہ ہونا مسئلہ نہیں، ساری جڑ ملزمان حوالگی کا لامحدود اختیار ہے، وکیل فیصل صدیقی

سوشلیز ٹرائل کے کیس میں جسٹس جمال | مندوخیل نے ریمارکس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

ڈمپر حادثے میں جاں بحق پرویز بھائی کی نماز جنازہ ادا، لواحقین کا احتجاج

رکن سندھ اسمبلی معاذ محبوب نے احتجاج میں شرکت کی اور لواحقین کے ساتھ کھڑے ہو کر انہیں ایف آئی آر درج کروانے کی یقین دہانی کرائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممبر سندھ اسمبلی معاذ محبوب، لیاقت آباد ٹاؤن آرگنائزر جواشت خان | آرگنائزر اور ٹاؤن کمیٹی نے ڈمپر حادثے میں جاں بحق ہونے والے پرویز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

مصطفیٰ عامر قتل کیس میں اہم موڑ، ملزم شیراز کا اعتراف جرم سے انکار

میں ملزم نہیں بلکہ چشم دید گواہ ہوں، جس کے سامنے ارمغان نے مصطفیٰ عامر کو وحشیانہ انداز میں قتل کیا، میں وقوعہ کے وقت بے بس تھا، ملزم شیراز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، جس کے مطابق ملزم شیراز نے اعترف جرم سے انکار کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

کراچی میں چار جڈ پارکنگ ختم کرنیکا فیصلہ ہوا اور ایکشن لیا گیا، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کراچی میں چار جڈ پارکنگ ختم کرنیکا فیصلہ ہوا اور ایکشن لیا گیا چار جڈ پارکنگ اور غیر قانونی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

کمشنر کراچی نے پولیس کو دفعہ 144 کے تحت ایف آئی آر درج کرنے کے اختیارات دیدیئے

سید حسن نقوی نے ضلع کیماڑی میں ملبہ پھینکنے اور میٹرز کے درخت کاٹنے پر پابندی لگا دی، پابندی کا اطلاق دو ماہ کیلئے ہوگا، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی نے 2 کیلئے | پولیس کو دفعہ 144 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

ایس ایس پی ملیر کی ایک ہی شکایت پر 6 ملزمان گرفتار

کراچی (رپورٹ بادن انصاری) صحافی عامر مرگ کیس میں گرفتار ملزم ارمغان کے قبضے سے ملنے والے اسلحہ کی تحقیقات سی ٹی ڈی کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق ملزم ارمغان کے پاس محموما کھرے پہنچا؟ سی ٹی ڈی اس بارے میں تحقیقات کرے گی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

صوبائی وزیر جیل خانہ جات کا سینٹرل جیل کراچی کا سرپرائز وزٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز و جیل خانہ جات سندھ، علی حسن زرداری نے سینٹرل جیل کراچی کا اچانک سرپرائز دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے جیل میں اور وہاں جیل کا بھی معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر نے جیل کے بلاک کا معائنہ کیا اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

ایس ایچ او سکرٹ کا پولیس اہلکاروں پر منشیات اور جسم فروشی کے اڈے چلانے کا الزام

سکرٹ (اسٹاف رپورٹر) سکرٹ تھانے کے انسپکٹر ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) اصغر اعوان نے پولیس اہلکاروں پر منشیات اور جسم فروشی کے اڈے چلانے کا الزام عائد کر دیا۔ ایس ایچ او سکرٹ اصغر اعوان کی ویڈیو وائرل ہو گئی جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

ایس ایس پی ملیر کی ایک ہی شکایت پر 6 ملزمان گرفتار

کراچی (رپورٹ بادن انصاری) بھارتی دہشت گرد کلبھوشن یادیو کی، رنگے ہاتھوں گرفتاری کو 9 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ بھارت طویل عرصے سے دوسرے ممالک میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

کراچی میں ایک ہی شکایت پر 6 ملزمان گرفتار

کراچی (رپورٹ بادن انصاری) بھارتی دہشت گرد کلبھوشن یادیو کی، رنگے ہاتھوں گرفتاری کو 9 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ بھارت طویل عرصے سے دوسرے ممالک میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

ایس ایس پی ملیر کی

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ پبلی کیشنز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

وزیراعظم کا رمضان ریلیف پیکیج اور بے قابو مہنگائی

ہمارے ہاں رمضان المبارک کے قریب آتے ہی دکام مضرت ہونے ہیں؛ حکومت کی طرف سے رمضان پیکیج اور رمضان بازاروں کا اعلان کر دیا جاتا ہے اور تاجروں کی جانب سے اشیائے خوراک کی دی جاتی ہیں۔ اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ہفتے کے روز وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 20 ارب روپے کے رمضان ریلیف پیکیج کا افتتاح کیا جو گزشتہ سال کے 17 ارب کے پیکیج کے مقابلے میں 3 گنا زیادہ ہے۔ پیکیج کے تحت ملک بھر کے 40 لاکھ مستحق خاندانوں کو شناخت اور آسان انداز میں ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے 18 ہزار روپے فی خاندان دیے جائیں گے۔ اس حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ وہ اسلام میں 2 کروڑ مستحق افراد کو فی خاندان 5 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ایسے مقتدرت جو شہید پولیس اور ان کی کے ہاتھوں کھیلا ہے ان کی مدد کی جائے گی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایک جیلے کی کرپشن کا شائبہ نہیں ہوگا۔ شفاف نظام کے ذریعے پیکیج تقسیم ہوگا جس کی خود نگرانی کی جائے گی۔

اپنے خطاب میں وزیراعظم نے مزید کہا کہ مضان پیکیج میں کراچی سے گلگت تک تمام شہروں اور آزاد جموں وکشمیر کے مستحق خاندانوں کو شامل کیا گیا ہے۔ اس کا کہنا تھا کہ اس سال رمضان پیکیج کے لیے ایپس نہیں لیں گی بلکہ باعزت طور پر لوگوں کو ڈیجیٹل والٹ سے ریلیف مل جائے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر صنعت و پیداوار اتاحوز حسین نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ رمضان میں تفصیل کچ پر شوگر ملز مالکان کی طرف سے 600۔ خاتر لگائے جائیں گے۔ چینی 130 روپے کلو بیچنے کا اعلان کر رہے ہیں اور عام دکانوں پر اس کی قیمت 170 روپے فی کلو بتائی جا رہی ہے۔ اس صورتحال میں عوام کا یہ سوال پوچھا جائز ہے کہ کیا عام ملک کی صورت ہے یا ہر ہوا کہ ہیں یا وہاں کیوں پر حکومت کا کوئی اختیار نہیں ہے؟

اصرہ آبادی کے لحاظ سے ملک کے سب سے بڑے صوبے میں 80 رمضان سبسڈی بازاروں کے قیام کا مژدہ سنا تے ہوئے وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ اس رمضان سبسڈی بازاروں میں معمول کے مطابق سستی اور معیاری اشیا دستیاب ہیں؛ رمضان بازاروں میں گھی، چینی، آٹا، دالیں، سبزیاں اور پھل عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں مل رہے ہیں۔ پنجاب حکومت نے کسی چیز پر سبسڈی نہیں کی۔ لاہور میں 10 رمضان سبسڈی بازار ہیں۔ راولپنڈی میں 8، بہلم میں جہل آباد، ملتان میں 3، ڈیرہ غازی خان میں 2 بازار ہیں جبکہ دیگر اضلاع میں بھی رمضان سبسڈی بازار لگائے جا رہے ہیں۔ پنجاب حکومت تاریخ میں پہلی مرتبہ 30 اب رمضان پیکیج لائی ہے۔ اس رمضان پیکیج کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ 30 لاکھ خاندانوں میں نقد کی صورت میں ان کے گھروں کی دہلیز تک پہنچایا جائے۔ سی سی سستی اور سوشیو پلس شیری کی عرصت کیلئے مجروح تھیں کی جا رہی ہے۔ رمضان بازاروں میں اشیا پیکیج فروخت ہونے سے سبسڈی ختم کرنے کا صرف پروپیگنڈہ ہے۔

اس وقت وفاق کے علاوہ پنجاب میں بھی پاکستان مسلم لیگ) نواز (کی حکومت قائم ہے۔ ایک طرف وہ دوش کھیتیں سب اچھا کے دعوے کر رہی ہیں اور دوسری جانب وفاقی وزارت حکومت ملک کے تقریباً تمام شہروں میں رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی مہنگائی کا طوفان آ گیا ہے۔ گھی، خوردنی تیل، سبزی، پھل، چینی، بیکن، دالیں، دہیں، چاول کی قیمتوں میں واضح اضافہ دکھائی دے رہا ہے۔ اشیا مہنگی ہونے کی وجہ سے روزہ رکھنے کے خواہش مندوں کی قوت جواب دے گئی جبکہ اس ساری صورتحال میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹ بھی غائب ہیں۔ حکومت سے یہ پوچھا جانا چاہئے کہ رمضان اب روزے کا رمضان بنا کیوں نہیں جاتا ہے؟ آخر وہ افسران اور محکمہ کہاں ہیں جن کی ذمہ داری تھا نہ ہر مناخ خوروں کو پکڑا ناور قیمتوں کو قابو میں رکھنا ہے؟ ان کی موجودگی میں کئی کمر رمضان بازاروں کے نام پر اربوں روپے خرچ کر دیں اور عام دکانوں پر اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کی کنٹرول نہ کیا جائے تو پھر ان لوگوں کو لازمتوں سے فارغ کیا جانا ہے تا کہ ان پر خرچ ہونے والی رقم تو بچائی جا سکے۔

اس حوالے سے یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مہنگائی عام دکاندار نہیں کرتا اور نہ ہی یہ اس کے بس کی بات ہے کہ وہ کسی شے کی قیمت میں کمی کرنا اضافہ کرے۔ اس کام کے پیچھے وہ لوگ ہیں جو اربوں کھربوں روپے کے کاروبار کر رہے ہیں۔ ان تاجروں کی رسائی پارلیمان تک بھی ہے اور طاقت کے دیگر مراکز تک بھی۔ اس لیے ان کے خلاف نہ تو کبھی کوئی کارروائی ہوئی ہے اور نہ ہی جعلی قیمتیں مستقبل میں اس کا کوئی امکان دکھائی دیتا ہے۔ اگر حکومت واقعی سنجیدگی سے مہنگائی پر قابو پانا چاہتی ہے تو اسے ایک بھرپور کارروائی اس عناصر کے خلاف کرنا ہوگی جو ناجائز مناخ خوری اور ذخیرہ اندوزی کے گھناؤنے سلسلوں کو فروغ دے رہے ہیں۔

نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے بقایاجات کی ادائیگی کا سلسلہ شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے بقایاجات کی ادائیگی کا سلسلہ شروع۔ ریٹائرڈ ملازمین اور متوفی ملازمین کے لواحقین میں بقایاجات کی مد میں 51 لاکھ روپے سے زائد کی رقم کے چیک تقسیم۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے ریٹائرڈ ملازمین میں بقایاجات کے چیک تقسیم کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال ہم نے ریٹائرڈ ملازمین کو بقایاجات ادا کرنا شروع کیے تھے اور آج ہم ان کی سطح پر ادا کریں گے۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ ہم سیونیکل کنسٹرکٹر زعمید اللہ بلوچ کے مشکور ہیں کہ ان کا قانون ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے ہمیں حاصل رہتا ہے ہماری کوشش ہے کہ نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ سندھ کے واجبات کی ادائیگی کو بھی بہتر سے بہتر بنائیں، ہمارے پاس ماضی اور پرانے ریٹائرڈ ملازمین کی فائلیں آ رہی ہیں اور ہم سب کے ساتھ انشا اللہ ان کی سطح پر ادا کریں گے۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ ہم سیونیکل کنسٹرکٹر زعمید اللہ بلوچ کے مشکور ہیں کہ ان کا قانون ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے ہمیں حاصل رہتا ہے ہماری کوشش ہے کہ نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ سندھ کے واجبات کی ادائیگی کو بھی بہتر سے بہتر بنائیں، ہمارے پاس ماضی اور پرانے ریٹائرڈ ملازمین کی فائلیں آ رہی ہیں اور ہم سب کے ساتھ

ایم ایڈمنسٹریٹر (اور متوفی ملازمین کے لواحقین کو ایک کروڑ روپے سے زائد کے چیک ادا کیے جا چکے ہیں۔ آج ہم نے ریٹائرڈ ہونے والے افسران و ملازمین کے واجبات ایم ایڈمنسٹریٹر کی مد میں اور متوفی ملازمین کے لواحقین کو تقریباً ایک کروڑ روپے کے چیک دیے ہیں انشاء اللہ اب ہم پرانے واجبات ادا کرنے کے بعد اس پر نشر ہو آگے ہیں کہ جس ملازم ریٹائرڈ ہوگا ہم اسی دا ادائیگی کر دیں گے۔

آپ کے لیے مزید لڑکے نہیں ڈھونڈوں گا، فہد مصطفیٰ کا شاہد جاوید پر لائیو شو میں طنزیہ وار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار اور شو ہوسٹ فہد مصطفیٰ نے ایک بار پھر اپنے مزاحیہ انداز سے سب کو ہنسنے پر مجبور کر دیا۔ رمضان انٹیشن کنم شو کے دوران انہوں نے اداکارہ شاہد جاوید پر ایسا طنزیہ وار کیا کہ پوری محفل قہقہوں سے گونج اٹھی۔ فہد مصطفیٰ کا طنزیہ مزاح تفریح کا ایک بہترین ذریعہ ہے، جبکہ اس کی ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ کبھی اس شو کا ہدف نہیں بنتے۔ یہ کیا ہنسی اتفاق ہے یا فہد مصطفیٰ کی ریشمی گفتگو کرنے کی صلاحیت؟ یہ سوال تو ہر کسی کے ذہن میں ہے! فہد مصطفیٰ کے کم شو ہوئیں اور دوران پروگرام انہوں نے فہد کے مزاحیہ انداز کی بھی بھرپور داد دی۔ پروگرام کے فہد مصطفیٰ کے شو میں چند گاڑ اسٹوڈیوز۔ اس پڈیو نے اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں جواب دیا، یہاں بہت سے اداکار موجود ہیں، ہجوم میں دیکھیں! ایکٹن اب آپ کیلئے مزید لڑکے نہیں ڈھونڈوں گا۔ ایک تو میں پہلے ہی ڈھونڈ چکا ہوں! فہد کے اس طنزیہ جملے نے دسرف شاہد جاوید کو شرمندہ کر دیا، بلکہ پورے اسٹوڈیو کو ہنسی کے قہقہوں سے بھر دیا۔ ٹا نے فہد کو روکنے کی کوشش کی لیکن جب تک یہ لمحہ گزر چکا تھا۔ یہ لمحہ بھی بے یک۔ سوشل میڈیا وائرل ہوا، صارفین کے طنز کے تیر برسانے شروع ہو گئے۔ یہ کچھ صارفین کی تبصرے ہیں: ''فہد مصطفیٰ کا شاہد جاوید پر طنز بہت بامعنی تھا، ہنسی آ گئی۔'' ''یہ صارف کے تبصرے کیا، انہیں شادی کی دو ارجیہ جیتنے پاکستان میں شامل نہیں ہونا چاہیے تھا۔ جبکہ کچھ نے کہا کہ وہ واقعی خوکو نہ دل ہا دیتے ہیں۔ پاورے کے فہد مصطفیٰ کے شو میں بھی اسی طرح کی ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ کبھی اس کا ہدف نہیں بنتے۔

عزیز آباد میں پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف کامیاب آپریشن، 5 ملزمان بالاضرب گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) سینٹرل عزیز آباد کی حدود میں پولیس اور ڈاکوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں پانچ ڈاکو بالاضرب گرفتار کر لیے گئے۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل کے مطابق عزیز آباد بلاک 8 مقابلہ شمدی گراؤنڈ مجمی کالونی عزیز آباد بلاک 8 کے عدد چھینے گئے موبائل فون اور دو عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔ تحقیقات کے دوران معلوم ہوا کہ برآمدہ موبائل فونز میں سے ایک فون مقدمہ نمبر 648/2024، جرم دفعہ 392/397/34، تھانہ اورنگی ٹاؤن اور دوسرا فون مقدمہ نمبر 75/2025، جرم

